(6 pages)

DECEMBER 2023 **U/ID 33277/ULF2A**

Time : Three hours Maximum : 75 marks

SECTION A – (10 × 2 = 20 marks)

نوٹ : کوئی دس سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔

۱۔ بدھیا کو آخر کفن کس نے دیا؟

۲۔ سری کنٹھ کے ساتھ لال بہاری کا کیا رشتہ تھا؟

۳۔ اظہر کی نماز جنازہ پڑھانے میں مولوی اجتبیٰ ہچکچاہٹ کیوں تھی؟

۴۔ جامن کے پیڑ کے نیچے دبے ہوئے شخص کو کلچرل ڈپارٹمنٹ کے سیکریٹری نے کیا خوش خبری سنائی؟

۵۔ بھولا کا ماموں ہر سال کیوں آتا تھا؟

۶۔ نادر کا کیا پیشہ تھا؟

۷۔ ثروت اور احسان صاحب کی بیوی میں کیا فرق تھا؟

۸۔ آٹھویں پنکھے کا مرکزی خیال کیا ہے؟

۹۔ راشدہ چاچی کو کس سے شکایت رہتی تھی؟

۱۰۔ ''برف گزیدہ لوگ'' کس کا لکھا ہوا افسانہ ہے؟

۱۱۔ ''اسم خاص'' کی کتنی قسمیں ہیں؟

۱۲۔ ''صفت'' کی تعریف بیان کیجئے۔

SECTION B – (5 × 5 = 25 marks)

نوٹ : ذیل کے سوالوں میں سے کسی پانچ اقتباسات کا بحوالہ متن تشریح کیجئے۔

۱۳۔ ''نادر، تم میرے لئے اچھے دوست تھے۔ لیکن مجھے معلوم نہ تھا کہ تم میری بیوی کے لئے بھی اچھے دوست ثابت ہو گے۔''

۱۴۔ ''آپ جو جی چاہے سمجھیں۔ گاوں والے جو دل میں آئے کہیں۔ مگر میں اس پاجی کی نماز جنازہ نہ پڑھاوں گا۔''

۱۵۔ حیرت ہے اس سمے جب ہم درخت اگاو اسکیم بڑے پیمانے پر چلا رہے ہیں، ہمارے ملک میں ایسے سرکاری افسر موجود ہیں جو درختوں کو کاٹنے کا مشورہ دیتے ہیں۔''

۱۶۔ ''معلوم ہوتا ہے بچے گی نہیں۔ سارا دن تڑپتے ہو گیا۔ جا دیکھ تو آ''

۱۷۔ ''دن کو کہانی سنانے سے مسافر راستہ بھول جاتے ہیں۔''

۱۸۔ ''میں یہ سوچتے ہوئے چلا آیا کہ احسان صاحب کی نوکرانی اگر اتنی خوبصورت ہے تو ان کی بیوی کیسی ہو گی؟''

۱۹۔ ''میکے میں تو چاہے گھی کی ندی بہتی ہو۔''

SECTION C – (3 × 10 = 30 marks)

نوٹ : کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
جواب پانچ سوالفاظ سے کم نہ ہو۔

۲۰۔ علی عباس حسینی کے افسانہ ''نورونار'' کا مجموعی تاثر بیان کیجئے۔

۲۱۔ افسانہ ''بھولا'' کا قصہ اپنے لفظوں میں بیان کیجئے۔

۲۲۔ امیر النساء نے اپنے افسانہ ''درد کا احساس'' میں کیا تاثر پیش کیا ہے؟ تبصرہ کیجئے۔

۲۳۔ ''فعل'' کی تعریف کرتے ہوئے اس کی قسمیں بیان کیجئے۔

۲۴۔ ذیل کی انگریزی عبارت کا سلیس اور با محاورہ اردو زبان میں ترجمہ کیجئے :

A poor man was once wrongly imprisoned. After some years he was set free and given a sum of money as compensation for the imprisonment. He went straight away to the market and bought all the birds he saw in cages. To the great surprise of the shopkeepers, he opened the cages and set the birds free. He explained that he pitied anything that was in prison for no fault at all.
